سوال

سے نماز کی نیت 56

جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاتہ

تکبیر اولی سے قبل نیت نماز ضروری ہے یا نہیں۔ کیا نیت زبان سے ادا کی جائے۔ جب نیت کے لئے آیت قرآن انی وجھت قبل از تکبیر اولی پڑھتے ہیں تو اس آیت کا نیت کے لیے پڑھنا کیوں ناجائز ہے۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

م السلام ورحمة الله وبرکاتہ!

والصلاة والسلام علیٰ رسول الله، أما بعد!

تکبیر اولی سے پہلے دل سے نیت ضروری ہے زبان سے نیت ثابت نہیں۔ بلکہ نیت دل ہی کا فعل ہے نہ زبان کا۔ کیونکہ نیت کا معنی قصد اور ارادہ ہے۔ قصد اور ارادہ دل کا فعل ہے اور انی وجھت نیت کے لیے نہیں پڑھی جاتی۔ کیونکہ اس میں کسی خاص عبادت کا ذکر نہیں۔ اور نیت خاص عبادت کی ہوتی۔

وبالله التوفیق

فتاویٰ اہلحدیث

کتاب الصلوۃ، نماز کی کیفیت کا بیان، ج2ص118

محدث فتویٰ